سوال

(374) مسلم داعی کی شروط

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مسلمان داعی میں کیا شرطیں ہونی چاہییں؟ میں نے سارا قرآن مجید حفظ نہیں کیا تو کیا میں داعی بن سکتا ہوں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

واجب ہے کہ داعی جس کا حکم دے 'اسے اس کا علم ہو، جس بات کی طرف دعوت دے اسے وہ جانتا ہو' حلیم اور بردبار ہو۔ داعی کے لیے یہ لازم نہیں ہے کہ وہ سارے قرآن مجید اور باقی تمام علوم کا حافظ ہو بلکہ اسے ان دینی واجبات کا علم ہونا چاہیے جن کی طرف وہ دعوت دے رہا ہو، اسی طرح اسے محرمات کا علم ہونا چاہیے اور دلائل یاد ہونے چاہییں تاکہ ان لوگوں کو مطمئن کرسکے 'جن کو وہ دعوت دے رہا ہو' نیز اسے دعوت کے اس طریقے اور اسلوب کا علم ہونا چاہیے جس سے سامعین اس کی بات کو سمجھ لیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص298

محدث فتویٰ